# Call on Prime Minister by the Rt Hon Alok Sharma MP, COP26 President-designate

February 16, 2021

---

## کوپ 26 کے نامزد صدر رکن پارلیمنٹ رائٹ آنیریری الوک شرما کی وزیر اعظم سے ملاقات

16 فروری، 2021

26 ویں اقوام متحدہ کے موسمیاتی تبدیلی کانفرنس (سی او پی 26) کے صدر نامزد رکن پارلیمنٹ رائٹ آنیریری الوک شرما نے آج وزیر اعظم جناب نریندر مودی سے ملاقات کی۔ سی او پی سے مراد اقوام متحدہ کے ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق فریم ورک کنونشن (یو این ایف سی سی سی) کی فیصلہ ساز تنظیم ہے، جس کا 26 واں اجلاس نومبر 2021 میں گلاسگو میں برطانیہ کے زیر اہتمام منعقد ہوگا۔

وزیر اعظم اور جناب الوک شرما نے ماحولیاتی تبدیلی کے معاملات پر  سی او پی 26 کے انعقاد کے مد نظر ہندوستان-برطانیہ کے تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے پیرس معاہدے کے لئے ہندوستان کی عزم اور کوپ 26 میں کامیاب نتائج کے لئے تعمیری کام کرنے کا اعادہ کیا۔ جناب شرما نے دسمبر، 2020 میں کلائمیٹ ایمبیشن سمیٹ میں وزیر اعظم کے خطاب کو گرمجوشی سے یاد کیا۔

وزیر اعظم نے برطانیہ کے وزیر اعظم جناب بورس جانسن کے ساتھ ہندوستان اور برطانیہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لئے کام کرنے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔

**نئی دہلی**

**16 فروری، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.